اُردو (لازمی)	انٹرپارٹ-II، لاہور بورڈ، 2025ء	دوسرا گروپ
وقت: 20 منٹ	(معروضی طرز)	کل نمبر: 20

نوٹ

ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیئے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے:

1-1 سبق ''مولانا ظفر علی خان'' کے مصنف کا نام ہے:

Ⓐ میاں بشیر احمد Ⓑ چراغ حسن حسرت
Ⓒ مولوی عبدالحق Ⓓ شاہد احمد دہلوی

-2 کلکتہ کس کی جائے پیدائش ہے:

Ⓐ مرزا غالب Ⓑ بیگم اختر ریاض الدین
Ⓒ فیض احمد فیض Ⓓ علامہ اقبالؒ

-3 توران کس بادشاہ کے بیٹے سے منسوب ہے:

Ⓐ جمشید Ⓑ ہامان
Ⓒ فریدون Ⓓ کیکاؤس

-4 سرسید احمد خان کے رسالے کا نام ہے:

Ⓐ زمیندار Ⓑ تہذیب الاخلاق
Ⓒ مخزن Ⓓ زمانہ

-5 اکبری کی شادی ہوئی تھی:

Ⓐ محمد عاقل سے Ⓑ محمد کامل سے
Ⓒ محمد اکمل سے Ⓓ محمد اجمل سے

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

-6 گھوڑا گاڑی۔۔۔:

Ⓐ بک گیا Ⓑ بک گئے
Ⓒ بک گئیں Ⓓ بک گئی

-7 روزنامہ جنگ دلچسپی سے۔۔۔:

Ⓐ پڑھی جاتی ہے Ⓑ پڑھا جاتا ہے
Ⓒ پڑھی جاتی ہیں Ⓓ پڑھے جاتے ہیں

-8 ۔۔۔مجھے بخار تھا اس لیے کالج نہ آسکا:

Ⓐ اگر Ⓑ مگر
Ⓒ چونکہ Ⓓ اگرچہ

-9 اس نے میرا قلم ہی نہیں چرایا۔۔۔جھوٹ بھی بولا:

Ⓐ لیکن Ⓑ کیونکہ
Ⓒ جب کہ Ⓓ بلکہ

10 اس کا گھر بار، دکانیں اور زمین سب کچھ۔۔۔:

Ⓐ بک گیا Ⓑ بک گئے
Ⓒ بک گئیں Ⓓ بک گئی

رموز اوقاف کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

11 جملہ معترضہ کے شروع اور آخر میں علامت لگائی جاتی ہے:

Ⓐ '' '' Ⓑ !
Ⓒ ---- Ⓓ ( )

12 مختصر ترین ٹھہراؤ کو کہتے ہیں:

Ⓐ وقفہ Ⓑ رابطہ
Ⓒ سکتہ Ⓓ خلیہ

13 جذبے کے اظہار کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے:

Ⓐ ؛ Ⓑ :
Ⓒ ! Ⓓ ( )

14 قوسین کی علامت ہے:

Ⓐ '' '' Ⓑ ( )
Ⓒ ؟ Ⓓ :-

15 رموز اوقاف دراصل ہیں:

Ⓐ حکایات Ⓑ واقعات
Ⓒ علامات Ⓓ الفاظ

امدادی افعال کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

16 چاہنا:

Ⓐ اُس نے وہی کیا جو چاہا۔ Ⓑ بارش آیا چاہتی ہے۔
Ⓒ مجھے انصاف چاہیے۔ Ⓓ آپ چاہتے کیا ہیں؟

17 ڈالنا:

Ⓐ اُس نے دودھ پانی میں ڈالا۔ Ⓑ دودھ بالٹی میں ڈال دو۔
Ⓒ بچے نے کتاب پھاڑ ڈالی۔ Ⓓ پھول کی پتیاں ڈالتے جاؤ۔

18 چکنا:

Ⓐ اُس کا حساب چکا دو۔ Ⓑ وہ کھانا کھا چکا ہے۔
Ⓒ دہی کو ذرا چکھنا۔ Ⓓ ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات۔

19 ہونا:

Ⓐ تم عجیب آدمی ہو۔ Ⓑ تم کہاں ہو؟
Ⓒ اُس کا رنگ اُڑا ہوا ہے۔ Ⓓ سب خاموش ہو جائیں۔

20 رہنا:

Ⓐ وہ یہاں رہتا ہے۔ Ⓑ تم کہاں رہ گئے؟
Ⓒ وہ کہاں رہا؟ Ⓓ اسلم بلاوجہ بولتا رہتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

اُردو (لازمی)	انٹرپارٹ-II، لاہور بورڈ، 2025ء	دوسرا گروپ
وقت: 2.40 گھنٹے	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 80

(حصہ اوّل)

-2 (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 1,1,8

صاحب خلق عظیم و صاحب لطفِ عمیم — صاحب حق، صاحب شق القمر، خیر البشرؐ
کار زار دہر میں وجہ ظفر، وجہ سکوں — عرصہ محشر میں وجہ درگزر، خیر البشرؐ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 1,3,3,3

نہ تخت و تاج میں، نے لشکر و سپاہ میں ہے — جو بات مرد قلندر کی بارگاہ میں ہے
وہی جہاں ہے ترا جس کو تو کرے پیدا — یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے
تلاش اس کی فضاؤں میں کر نصیب اپنا — جہان تازہ میری آہِ صبح گاہ میں ہے

(حصہ دوم)

-3 سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے:
1,1,3,10

(الف) محمد بن قاسم نے بصرہ میں تین دن قیام کیا۔ اس کی آمد سے پہلے بصرہ میں حجاج بن یوسف کے پاس مکران کے گورنر محمد بن ہارون کا یہ پیغام پہنچ چکا تھا کہ عبید اللہ کی قیادت میں بیس آدمیوں کا جو وفد دیبل بھیجا گیا تھا، اس میں سے صرف دو نوجوان جان بچا کر مکران پہنچنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ باقی تمام دیبل کے گورنر نے قتل کر دیے ہیں۔ اس خبر نے بصرہ کے عوام میں انتقام کی سلگتی ہوئی آگ پر تیل کا کام دیا۔

(ب) ڈاکٹر کسی سوچ میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ یکا یک ان کی نظر سامنے دروازے پر جا پڑتی ہے۔ جس پر نیلے رنگ کا پردہ پڑا ہوا ہے۔ بیگم انھیں دیکھتی ہیں اور پھر رسالے کی ورق گردانی کرنے لگتی ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کچھ کہتے ہیں مگر بہت آہستہ۔ صرف ان کے ہونٹ حرکت کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ پھر کمبل اپنے جسم سے ہٹانے لگتے ہیں۔ بیگم کی نظر پڑتی ہے۔

-4 درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: 1,9

(الف) تشکیل پاکستان۔ (ب) پہلی فتح۔

-5 جوش ملیح آبادی کی نظم ''سراغ راہرو'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

-6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: .20

(الف) ہمارا نظام تعلیم۔ (ب) حب وطن۔ (ج) والدین کا احترام۔

-7 ایک پرانی کار کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔ 10

www.ilmkidunya.com